ڈاکٹر امتیاز احمد عباسی
(اسلام آباد)

اللہ اللہ کرو دوستو

اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو
اس کے لاکھوں ہیں ہم پر کرم دوستو
اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو

دور ہوتی اسی سے ہیں سب ظلمتیں
ہے اسی سے اُجالا بہم دوستو
اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو

اللہ اللہ سے دل کو میسّر سکون
اللہ اللہ مٹاتا ہے غم دوستو
اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو

جو بھی غافل ہوا پس وہ مردہ ہوا
ذکر سے دم میں آتا ہے دم دوستو
اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو

پیدا ہوں ذکر سے سب حمیدہ صفات
ہوں رذائل کے سر بھی قلم دوستو
اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو

قلبِ ذاکر پہ سارا جہاں منکشف
جامِ دل برتر از جامِ جم دوستو
اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو

ان کے دربار میں قابلِ قدر ہے
ہو ندامت سے جو چشم ، نم دوستو
اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو

نفس پر اک قدم خُلد میں دوسرا
ہے جنت تو بس دو قدم دوستو
اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو

حبِّ مولا سے دل کو مزیّن کرو
حبِّ مولیٰ ہی دین اور دھرم دوستو
اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو

عزتیں ساری عقبیٰ کی ہیں دائمی
باقی فانی ہیں جاہ و حشم دوستو
اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو

رب کی جانب رجوع کا بہانہ ہیں سب
اہلِ باطل کے جور و ستم دوستو
اللہ اللہ کرودم بدم دوستو

ہیں راہ بر مصطفیٰ ' اور منزل خدا
سنگِ میل اُن کے نقشِ قدم دوستو
اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو

غیر سے کٹ رہو اپنے رب سے جڑو
بس اسی سے ہے اپنا بھرم دوستو
اللہ اللہ کرو دم بدم دوستو

ایمانِ جرأت خیز دے ،فکرِ جنوں انگیز دے
راکبانِ احمد مرسل کو پھر مہمیز دے
یا الٰہی! دور کردے' ہم سے یہ پرویزیاں
فکرِ مہاتیر دے اور جرأتِ شاویز دے
میجر (ر) محمد سعید اختر (ملتان)